ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین نے کراچی اسٹاک ایکسچینج کے ذمہ داران کی درخواست پر اسٹاک ایکسچینج کے جاری بحران کے حل کے سلسلے میں سات رکنی کمیٹی قائم کردی

کراچی ۔۔۔25 اکتوبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی اسٹاک ایکسچینج کے ذمہ داران کی درخواست پر اسٹاک ایکسچینج کے جاری بحران کے حل کے سلسلے میں ایک سات رکنی کمیٹی قائم کردی ہے۔ واضح رہے کہ کراچی اسٹاک ایکسچینج کے ذمہ داران نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے رابطہ کیا تھا کہ ایم کیوایم اسٹاک ایکسچینج کے جاری بحران کے حل کے سلسلے میں کردارادا کرے۔ جناب الطاف حسین نے کراچی اسٹاک ایکسچینج کے ذمہ داران کی درخواست پر ایک سات رکنی کمیٹی قائم کردی ہے جوکراچی اسٹاک ایکسچینج کے ذمہ داران سے ملاقات کرکے اسٹاک ایکسچینج میں جاری بحران کے اصل حقائق معلوم کرے گی اور بحران کے حل کیلئے اسٹاک ایکسچینج کے ذمہ داران کی پیش کردہ گزارشات کی روشنی میں قابل عمل تجاویز تیار کرے گی ۔ سات رکنی کمیٹی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار، صوبائی وزیر صنعت رؤف صدیقی، سینیٹر بابر غوری، سینیٹر احمد علی اورارکان قومی اسمبلی، وسیم اختر، خواجہ سہیل اور رشید گوڈیل پر مشتمل ہے۔

مشیر خزانہ شوکت ترین سے الطاف حسین کی ٹیلی فون پر گفتگو

ترمیم شدہ فنانس بل کے حوالہ سے کراچی اسٹاک ایکسچینج کے ارکان میں پائی جانے والی بے چینی اور تشویش سے آگاہ کیا

ترمیم شدہ فنانس بل کے حوالہ سے اسٹاک ایکسچینج کے ارکان میں کو اپنا معاشی مستقبل غیر یقینی دکھائی دے رہا ہے۔ الطاف حسین

کراچی اسٹاک ایکسچینج کے ارکان کی تشویش کے ازالہ کیلئے انہیں ملاقات کا وقت دیں، الطاف حسین کی درخواست

کراچی اسٹاک ایکسچینج کے ارکان سے ملاقات کرکے ان کی تشویش کے ازالہ کیلئے ہر ممکن کوشش کریں گے، شوکت ترین

لندن۔۔۔25، اکتوبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ہفتہ کے روز وزیر اعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی کے مشیر خزانہ جناب شوکت ترین سے ٹیلی فون رابطہ کیا اورانہیں کراچی اسٹاک ایکسچینج کے ممبران میں پائی جانے والی تشویش و بے چینی سے آگاہ کیا۔ جناب الطاف حسین نے مشیر خزانہ شوکت ترین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کی جانب سے ترمیم شدہ فنانس بل کے حوالہ سے کراچی اسٹاک ایکسچینج کے ارکان میں گہری تشویش پائی جارہی اورانہیں اپنا معاشی مستقبل غیر یقینی دکھائی دے رہا ہے۔ جناب الطاف حسین نے مشیر خزانہ سے درخواست کی کہ جس طرح انہوں نے بزنس کمیونٹی کے ارکان سے ملاقات کی ہے اسی طرح وہ کراچی اسٹاک ایکسچینج کے ارکان سے بھی ملاقات کریں تاکہ اسٹاک ایکسچینج کے ارکان انہیں ترمیم شدہ فنانس بل کے حوالہ سے اپنی گزارشات سے آگاہ کرسکیں۔ مشیر خزانہ شوکت ترین نے جناب الطاف حسین کی پیش کردہ باتوں کو ہمدردی سے سنا اورانہیں یقین دلایا کہ وہ کراچی اسٹاک ایکسچینج کے ارکان سے کل ہی ملاقات کریں گے اوران میں پائی جانے والی تشویش کے ازالہ کیلئے ہر ممکن کوشش کریں گے۔ جناب الطاف حسین نے اس پر مشیر خزانہ کا شکریہ ادا کیا اور ملک کو معاشی بحران سے نکالنے کیلئے ان کی کوششوں کو سراہا۔ واضح رہے کہ کراچی اسٹاک ایکسچینج کے ارکان نے جناب الطاف حسین سے رابطہ کرکے انہیں اسٹاک ایکسچینج کی بگڑتی ہوئی صورتحال سے آگاہ کیا تھا اوران سے اس سلسلے میں کردارادا کرنے کی درخواست کی تھی۔

بجلی کے بحران اورنرخوں میں اضافہ کے معاملے کے حل کیلئے فوری مداخلت کرنے پر صدر آصف زرداری سے الطاف حسین کا اظہار تشکر

بحران کے حل کیلئے مخلصانہ کوششیں کرنے پر وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اوروفاقی وزیر پانی وبجلی راجہ پرویز اشرف کو خصوصی خراج تحسین

بجلی کے بحران اورنرخوں میں بے پناہ اضافہ کے معاملے کو مستقل بنیادوں پر حل کیا جائے۔ الطاف حسین

لندن ۔۔۔25 اکتوبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ملک میں بجلی کے بحران اورنرخوں میں اضافہ کے معاملے کو حل کرنے کیلئے فوری مداخلت کرنے پر صدر آصف علی زرداری کا شکریہ ادا کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ وہ صدر مملکت آصف زرداری کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے انکی درخواست پر کراچی کے صنعتکاروں اورتاجروں سے ملاقات کرکے انکی گزارشات سنیں اوربجلی کے نرخوں میں کئے جانے والے اضافہ پر عمل درآمد کورکوایا۔ جناب الطاف حسین نے اس سلسلے میں مخلصانہ کوششیں کرنے پر وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اوروفاقی وزیر پانی وبجلی راجہ پرویز اشرف کو بھی خصوصی خراج تحسین پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے صدر آصف زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اوروفاقی وزیر پانی وبجلی راجہ پرویز اشرف سے مطالبہ کیا کہ بجلی کے نرخوں میں بے پناہ اضافہ کے

معاملے کو مستقل بنیادوں پر حل کیا جائے کیونکہ بجلی کے نرخوں میں بے پناہ اضافہ اور طویل لوڈشیڈنگ کی وجہ سے عوام، دکاندار، چھوٹے تاجر، صنعتکار شدید پریشانیوں میں مبتلا ہیں اور غریب و متوسط طبقہ کے عوام نفسیاتی مریض بن رہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے بجلی کے نرخوں میں اضافہ اور بحران سے پریشان عوام، دکانداروں، تاجروں اور صنعتکاروں سے بھی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔

معروف فلمساز ستیش آنند کو بازیاب کرایا جائے، اراکین سندھ اسمبلی متحدہ قومی موومنٹ

کراچی۔۔۔25؍اکتوبر 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے اراکین سندھ اسمبلی نے معروف فلمساز ستیش آنند کے اغواء اور تاحال عدم بازیابی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ستیش آنند کو فی الفور بازیاب کرایا جائے اور اقلیتی برداری کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ صوبہ سندھ امن و شانتی کی دھرتی ہے جہاں صدیوں سے مختلف مذاہب، عقائد اور مسلک کے لوگ آباد ہیں جنہیں جان و مال کا تحفظ فراہم کرنا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ستیش آنند کو اغواء ہوئے کئی روز گزر چکے ہیں اور انہیں تاحال بازیاب نہیں کرایا جاسکا ہے جسکے باعث اقلیتی برداری میں عدم تحفظ پایا جارہا ہے۔ حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے صدر آصف زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر مشیر داخلہ رحمان ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ستیش آنند سمیت اقلیتی برداری کی دیگر شخصیات کے اغواء کی وارداتوں کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور ان کی بازیابی کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔

ایم کیو ایم سوسائٹی سیکٹر کے کارکن کی صاحبزادی کی انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔25؍اکتوبر 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم سوسائٹی سیکٹر یونٹ 63 کے کارکن ڈاکٹر سلمان آفاق کی صاحبزادی کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے ڈاکٹر سلمان آفاق سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے بلند درجات اور سوگواران کے صبر جمیل کیلئے دعا کی۔

قائد تحریک الطاف حسین کے ماموں زاد بھائی سعید وارثی کے انتقال پر ایم کیو ایم آسٹریلیا کا اظہار تعزیت

آسٹریلیا۔۔۔25؍اکتوبر 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ آسٹریلیا یونٹ کے زیراہتمام جمعہ کے روز قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ماموں زاد بھائی سعید وارثی مرحوم کیلئے کارکنان کا ایک تعزیتی اجلاس منعقد ہوا جس میں ایم کیو ایم آسٹریلیا کے آرگنائزر افروز شاہین، جوائنٹ آرگنائزر تنویر مہدی رضوی اور دیگر ذمہ داران و کارکنان نے شرکت کی۔ تعزیتی اجلاس میں سعید وارثی مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی گئی اور مرحوم کی مغفرت انکے بلند درجات اور قائد تحریک الطاف حسین سمیت مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین صبر جمیل کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

اسلامیہ کالج کے مسئلے کو ہنگامی بنیادوں پر حل کرایا جائے، اے پی ایم ایس او

کراچی۔۔۔25؍اکتوبر 2008ء۔۔۔ آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین اور مرکزی کابینہ کے اراکین نے اسلامیہ کالج کے تنازعہ پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ اسلامیہ کالج کے مسئلہ کو ہنگامی بنیادوں ر پر حل کیا جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی میں تعلیم کے فروغ کیلئے اسلامیہ کمپلکس کی اہمیت تاریخی ہے اور اس کمپلکس میں اسلامیہ سائنس، آرٹس، کامرس، لاء کالجز اور قریشی اسکول کی عمارتیں موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کالج کی عمارت کی واجب الادا رقم کے تنازعہ میں 20 ہزار سے زائد طلباء کا تعلیمی مستقبل تباہ کرنا سراسر ناانصافی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے اسلامیہ کالج کی انتظامیہ کو یقین دلاتے ہوئے کہا کہ اے پی ایم ایس او تعلیم کے فروغ کیلئے کوشاں ہے اور اسلامیہ کالج کے طلباء کا تعلیمی مستقبل تباہ کرنے کی سازش پر ہرگز خاموش نہیں بیٹھے گی۔ اے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ کے اراکین نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، وزیر تعلیم پیر مظہر الحق سے مطالبہ کیا ہے کہ اسلامیہ کالج کے مسئلے کو ہنگامی بنیادوں پر حل کرایا جائے اور ہزاروں طلباء کے تعلیمی مستقبل محفوظ بنانے کیلئے مؤثر، ٹھوس اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

☆☆☆☆☆